انگریزی نثر میں سادگی اور جاذبیت پیدا کی بلکہ اسے وہ خوشگوار اور پر لطف انداز نگارش بھی بخشا جو آگے چل کر انگریزی ادب میں خالص مزاح کی نمود میں انتہائی ممد ثابت ہوا ۔

انگریزی ادب میں اٹھارویں صدی کا ربع آخر اور انیسویں صدی کا خمس اول اس لحاظ سے خاصے اہم ہیں کہ اس عرصے میں دو ایسے فنکار پیدا ہوئے جنہوں نے ادب میں خالص مزاح کے نقوش کو نمایاں کرنے میں اہم حصہ لیا ۔ ان میں سے ایک مرد تھا ——— چارلس لیمب (Charles Lamb) اور دوسری عورت ——— جین آسٹن (Jane Austen) ۔ چارلس لیمب کے مضامین ایڈیسن اور سٹیل کی سی خوشگوار لطافت کے حامل ہیں لیکن یہاں مزاح نسبتاً زیادہ لذیذ ہے ۔ چارلس لیمب کی اپنی زندگی ایک ایسے شخص کی داستان ہے جو زندگی کی آزادی اور مسرت سے محروم کسی تنہا سڑک پر بڑھتا چلا جائے اور سڑک کے اختتام پر اس کی قبر منہ کھولے اس کی منتظر ہو ۔ لیکن اس کی تصانیف میں بلا کی زندگی اور زندگی سے انتہائی شغف کی ایک داستان مضمر ہے اور اسی چیز نے اس کے مزاح میں بھی توانائی پیدا کر دی ہے ۔

اسی دور کی ناول نگار جین آسٹن کے ناولوں میں پہلی بار خالص مزاح کا نکھرا ہوا رنگ ملتا ہے ——— وہ رنگ جس کو بعد ازاں شوخ ہو کر انگریزی میں خالص مزاح کی تکمیل یافتہ